غلطیاں ہیں، حتیٰ کہ آیات کریمہ بھی کاتب کی غلطیوں سے نہ بچ سکیں،

یہ کتاب، کارڈ ٹائٹل کے ساتھ درمیانے درجے کے کاغذ میں چھپی ہے، کتابت اور سیٹنگ میں بہتری اور سلیقہ مندی کی گنجائش ہے۔

☆☆☆

سعادت الحج والعمرة، مؤلف: صاحب زادہ محمد سعید انصاری صاحب، ناشر: ادارہ تبلیغ الاسلام صادق آباد، صفحات: ۲۴۸، سائز: 23X36/16، قیمت: درج نہیں۔

حج اسلام کے بنیادی ارکان میں سے ہے، بظاہر تو یہ ایک عبادت ہے، مگر حقیقت میں یہ تمام ارکان اسلام کا جامع ہے، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہ تمام عبادات کا پرتو ہے، حج عمر بھر میں صرف ایک مرتبہ عاقل، بالغ، صاحب استطاعت شخص پر فرض ہوتا ہے، مگر اس کے باوصف یہ نہایت مشکل ترین عبادت ہے، جہاں اس کی ادائیگی میں مصائب وتکالیف جھیلنا پڑتی ہیں وہیں اس کے پیچیدہ مسائل سے ناواقفیت بھی ایک بہت بڑی مشکل ہے، حتیٰ کہ بعض اہل علم کو بھی ان مسائل کا بسا اوقات استحضار نہیں رہتا، اسی وجہ سے عام مسلمانوں کی سہولت اور رہنمائی کی غرض سے اس موضوع پر متعدد کتب لکھی گئی ہیں، زیر تبصرہ کتاب بھی اس سلسلے کی ایک مفید اور سنہری کڑی ہے، جو سلسلہ نقشبندیہ کے جلیل القدر بزرگ حضرت مولانا محمد اویس انصاری رحمہ اللہ کے صاحب زادے اور خلیفہ مجاز مولانا محمد سعدی انصاری صاحب کی تالیف ہے، حضرت مولانا محمد اویس انصاری رحمہ اللہ ''دعائیہ کلمات'' میں لکھتے ہیں: ''سعادت الحج والعمرة'' ہمارے عزیزم قاری محمد سعید الانصاری سلمہ الباری نے بڑی عرق ریزی اور کاوش سے لکھی ہے۔ اسے دیکھتا رہا ہوں، عزیزم موصوف، تالیف کے دوران علماء کرام اور فقہاء عظام کو بھی دکھاتے رہے اور مشورہ لیتے رہے، فقیر کے خیال میں حج وعمرہ پر لکھی گئی کتابوں میں جو میری نظر سے گذری ہیں جامع بھی ہے اور عام فہم بھی۔''

کتاب میں جا بجا مقدس مقامات کی رنگین تصاویر بھی دی گئی ہیں، آخر میں روضۂ مبارک کی زیارت کے جواز پر مفصل مدلل کلام کیا گیا ہے، بالکل آخر میں قربانی کے فضائل ومسائل بھی بیان کئے گئے ہیں۔ غرض مسائل حج وعمرہ پر یہ ایک جامع اور عام فہم کتاب ہے، جو حج وعمرہ کی سعادت حاصل کرنے والوں کے لئے بہترین رہنما ثابت ہوگی ان شاء اللہ تعالیٰ۔ البتہ کتاب میں عربی عبارتوں میں پروف ریڈنگ کی غلطیاں رہ گئی ہیں بعض کلمات پر اعراب بھی غلط لگائے گئے ہیں اُمید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں ان کی اصلاح کردی جائے گی۔

یہ کتاب مضبوط جلد بندی نفیس کاغذ معیاری کمپوزنگ اور عمدہ اشاعت وطباعت کے ساتھ چھپی ہے نیز سیٹنگ میں سلیقہ مندی بھی نمایاں ہے۔

☆☆☆